نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت لاہور میں پنجاب سیڈ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 122ویں اجلاس کا انعقاد۔سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ کی اجلاس میں شرکت

پنجاب سیڈ کارپوریشن کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے بیج کے تھیلے کے ہمراہ جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی فراہمی کو یقینی بنائے۔صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 10 ستمبر 2022 (   ) پنجاب سیڈ کارپوریشن کسانوں کو معیاری اور سستا بیج فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ کسانوں کو مزید بہتر سروسز فراہم کی جائیں۔کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے بیج کے تھیلے کے ہمراہ اس کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کا پمفلٹ بھی مہیا کرے یہ بات وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں 122 ویں پنجاب سیڈ کونسل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کے دوران کہی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب کو مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن شان الحق نے اجلاس کے ایجنڈہ کے متعلق بریفنگ دی۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کسانوں کا ایک با اعتماد ادارہ ہے۔کسانوں کو معیاری بیج فراہم کرنے کے لئے اپنے زرعی فارمز پر بیج ٹرائلز لگاتے وقت بیج کی ورائٹی دریافت کرنے والے کی نگرانی میں لگایا جائے تاکہ بیج کا اصل پوٹینشل حاصل ہو سکے۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کو ربیع و خریف میں بیج کی فراہمی کے لئے پنجاب سیڈ کارپوریشن شارٹ ٹرم و لانگ ٹرم پلان پیش کرے اور بیج کے ٹرائلز لگاتے وقت ترقی پسند کاشتکاروں اور اکیڈمیا سے بھی مشاورت کی جائے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن کے فارمز پر ٹرائلز کے لئے کاشت ہونی والی مختلف فصلات کے لئے بزنس پلان تیار کرنے کی ہدایت کی تاکہ اس کی روشنی میں ادارہ ہذا کے لئے اہداف کا تعین کیا جا سکے۔اجلاس میں وزیر زراعت پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مختلف انتظامی معاملات کی بھی بورڈ ممبران کی مشاورت سے منظوری دی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ، بورڈ ممبران جاوید قریشی، احمد یوسف، ملک مسعود ایڈوائزر سیڈ پنجاب اور ملک آفتاب کھچی سمیت دیگر ممبران اور افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆